# اسلامیات

## عملی کتاب برائے جماعت دوم



پروگریسو ایجوکیشن نیٹ ورک

دن:________ تاریخ:________

# فہرست


| نمبر شمار | سبق | صفحہ نمبر |
|---|---|---|
| باب اوّل | **قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی ﷺ**<br>(الف) ناظرہ قرآن مجید | 3 |
| | (ب) حفظِ قرآن مجید | 3 |
| | (ج) حفظ و ترجمہ | 4 |
| | (د) حدیثِ نبوی ﷺ | 7 |
| | (ہ) دعائیں (زبانی) | 8 |
| باب دوم | **ایمانیات و عبادات**<br>**(ا) ایمانیات**<br>1۔ آسمانی کتابوں پر ایمان | 9 |
| | 2۔ فرشتوں پر ایمان | 11 |
| | 3۔ آخرت | 13 |
| | **(ب) عبادات**<br>1۔ روزہ | 14 |
| | 2۔ عیدین و اسلامی تہوار | 17 |
| باب سوم | **سیرتِ طیّبہ ﷺ**<br>۱۔ نبی کریم حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کی محبت و اطاعت | 21 |
| | ۲۔ حضرت محمد رسول اللہ ﷺ کے اخلاقِ حسنہ | 23 |
| باب چہارم | **اَخلاق و آداب**<br>۱۔ اسلامی آدابِ زندگی | 24 |
| | ۲۔ بڑوں کا ادب | 26 |
| | ۳۔ جانوروں سے اچھا سلوک | 28 |
| باب: پنجم | **ہدایات کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام**<br>۱۔ انبیائے کرام علیہم السّلام | 30 |

# بابِ اوّل:۔ قرآنِ مجید و حدیثِ نبوی ﷺ

ہدایات:

- طلبہ اس باب میں حروفِ تہجی کی مشق کریں گے اور روزمرّہ زندگی میں پڑھے جانے والے کلمات مع ترجمہ یاد کر کے ان پر عمل کریں گے۔
- قرآن مجید کے پہلے اور دوسرے پارے کی تجوید کے ساتھ تلاوت کر سکیں گے۔
- قرآنی سورتوں اور آیات کو حفظ کر سکیں گے۔
- معوّذتین کی اہمیت و فضیلت جان سکیں گے۔

## ناظرہ و حفظِ قرآنِ مجید

**سوال نمبر ۱:۔ قرآن مجید کے پہلے اور دوسرے پارے کے نام زبانی یاد کریں۔**







کیا آپ جانتے ہیں؟

"معوذتین" کے لغوی معنی ہیں۔ دو پناہ مانگنے والی سورتیں یعنی ہر طرح کے شر سے بچنے اور حفاظت کے لیے یہ سورتیں تلاوت کریں۔

**سوال نمبر ۲:۔ سورۃ الفلق اور سورۃ النّاس کو درست تلفظ اور ترجمہ کے ساتھ زبانی یاد کریں۔**

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ۝ مِنْ شَرِّ
آپ کہیئے کہ میں صبح کے مالک کی پناہ لیتا ہوں تمام مخلوقات
مَا خَلَقَ ۝ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا
کے شر سے اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ
وَقَبَ ۝ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي
رات آجاوے اور گرہوں پر پڑھ پڑھ کر پھونکنے والیوں کے شر
الْعُقَدِ ۝ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا
سے اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ
حَسَدَ ۝

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝
اللہ کے نام سے شروع جو نہایت مہربان رحم والا
قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ ۝ مَلِكِ
آپ کہیے کہ میں آدمیوں کے مالک آدمیوں کے
النَّاسِ ۝ اِلٰهِ النَّاسِ ۝ مِنْ شَرِّ
بادشاہ آدمیوں کے معبود کی پناہ لیتا ہوں وسوسہ ڈالنے والے
الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ ۝ الَّذِيْ
پیچھے ہٹ جانے والے کے شر سے جو لوگوں کے
يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ ۝ مِنَ
دلوں میں وسوسہ ڈالتا ہے خواہ
الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ ۝
وہ جن ہو یا آدمی

<u>حفظِ و ترجمہ</u>

اور جب تم قرآن پڑھنے لگو تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو۔ (سورۃ النحل، آیت:۹۸)

**سوال نمبر ۳:۔ تعوذ مع ترجمہ زبانی یاد کریں۔**

**تعوذ**

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ

ترجمہ: میں اللہ کی پناہ مانگتا ہوں شیطان مردود سے۔

ہر اچھا کام شروع کرنے سے پہلے تسمیہ پڑھنی چاہیے۔

سوال نمبر۴:۔ تسمیہ مع ترجمہ زبانی یاد کریں۔

تسمیہ

بِسمِ اللّٰہِ الرَّحمٰنِ ا لرَّحیم

ترجمہ: شروع اللہ کے نام سے جو بڑا مہربان نہایت رحم والا ہے۔

سوال نمبر۵:۔ تسمیہ پڑھنے کے فوائد یاد کریں۔

تسمیہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ ہمارے کاموں میں برکت ڈال دیتے ہیں۔

تسمیہ پڑھنے سے اللہ تعالیٰ کی مدد ہمارے ساتھ شامل ہو جاتی ہے۔

سوال نمبر۶:۔ تین کام لکھیں جن سے پہلے آپ تسمیہ پڑھتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| ۱ | |
| ۲ | |
| ۳ | |

سوال نمبر ۷:۔ درود شریف پڑھنے کا معمول بنائیں۔

بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ
وَّعَلٰٓی اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ
عَلٰٓی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝
اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰٓی
اٰلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰٓی
اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰٓی اٰلِ اِبْرَاھِیْمَ
اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَّجِیْدٌ ۝

سوال نمبر ۸:۔ درود شریف کے فوائد وبرکات کے بارے میں پڑھیں اور انہیں ذہن نشین کریں۔

| درود شریف کے فوائد وبرکات | |
|---|---|
| ۱۔ | روزِ محشر نبی اکرم ﷺ کی شفاعت نصیب ہو گی۔ |
| ۲۔ | دُعا قبول ہوتی ہے۔ |
| ۳۔ | مال واسباب میں برکت ہوتی ہے۔ |
| ۴۔ | بھولی ہوئی چیزیں یاد آجاتی ہیں۔ |
| ۵۔ | آفات وبلّیات سے نجات ملتی ہے۔ |

**سوال نمبر ۹:۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کی تعریف، اہمیت و طریقہ یاد کریں۔**

**شکر کی تعریف:۔**

اللہ تعالیٰ کی نعمتوں کا یاد کرنا اور ان کا دل و زبان اور عمل سے اظہار شکر کہلاتا ہے۔

**شکر کی اہمیت:۔**

اللہ تعالیٰ کا شکر کرنا واجب ہے۔ اللہ تعالیٰ کا شکر ادا کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتے ہیں۔ ہمارے مال و جان میں برکت بڑھ جاتی ہے۔

**شکر ادا کرنے کا طریقہ:۔**

شکر ادا کرنے کے دو طریقے ہیں۔(۱) مصیبتوں پر صبر کرنا۔(۲) نعمتوں پر شکر کرنا۔

**سوال نمبر ۱۰:۔ روزمرہ زندگی میں کن مواقع پر الحمد اللہ کہنا چاہیے؟**



**سوال نمبر ۱۱:۔ درج ذیل حدیث کا ترجمہ لکھیں۔**

يَرْحَمُكَ اللهُ

ترجمہ:-----------------------

## حدیثِ نبوی ﷺ

**سوال نمبر ۱۲:۔ حسنِ خلق کا مفہوم اور عمل کا طریقہ جانیں۔**

حسنِ خلق کا معنی ہے دوسروں کے ساتھ اچھے اخلاق اور سلوک سے پیش آنا۔

**عمل کا طریقہ:۔**

- ایک دوسرے کا خیال رکھنا۔
- ایک دوسرے کی مدد کرنا۔
- چھوٹوں سے پیار کرنا۔
- بڑوں کا احترام کرنا۔
- سوال نمبر ۱۳:۔ درج ذیل حدیث کو مع ترجمہ یاد کریں۔

اَلْبِرُّ حُسْنُ الْخُلُقِ

ترجمہ: نیکی اچھّے اخلاق کا نام ہے۔

**سوال نمبر ۱۴:۔ والدین کے حقوق دورانِ حیات اور بعد از وفات کے بارے میں جانیں۔**

| | سات حقوق دورانِ حیات (زندگی میں) | | سات حقوق بعد از وفات (انتقال کے بعد) |
|---|---|---|---|
| ۱ | **عظمت** (ان کا احترام کرنا) | ۱ | **دعائے مغفرت** (ان کے لیے اللہ تعالیٰ سے معافی اور رحمت کی درخواست کرنا) |
| ۲ | **محبت** (ان سے الفت و انسیت رکھنا) | ۲ | **ایصالِ ثواب کرنا** |
| ۳ | **اطاعت** (ان کی فرمانبرداری کرنا) | ۳ | **ان کے رشتہ داروں، دوست متعلقین کی عزت کرنا** |
| ۴ | **خدمت** (ان کے کام کرنا، ان کے کام آنا) | ۴ | **ان کے رشتہ داروں، دوست متعلقین کی مدد کرنا** |
| ۵ | **فکرِ راحت** (ان کو آرام پہنچانا) | ۵ | **ادائے دین و امانت** (ان کی امانت و قرض ادا کرنا) |
| ۶ | **رفعِ حاجت** (ان کی ضروریات پوری کرنا) | ۶ | **تنفیذ جائز وصیت** (ان کی جائز وصیت پر عمل کرنا) |
| ۷ | **گاہِ بہ گاہ ان کی زیارت کرنا** | ۷ | **گاہِ بہ گاہ ان کی قبر کی زیارت کرنا** |

دن:______________ تاریخ:______________

سوال نمبر ۱۵:۔ والدین کے لیے مغفرت کی دعا مع ترجمہ یاد کریں۔

والدین کی مغفرت کی دعا

3. رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ۝

اے ہمارے رب! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور ایمان والوں کو، جس دن حساب قائم ہو گا۔

(ابراهیم:41)

## باب دوم: ایمانیات و عبادات

ہدایات: طلبہ اس باب میں ایمانیات اور عبادات کے اہم ارکان جان کر ان پر عمل کریں گے۔

### (الف) ایمانیات

⇐ ایمان کے درج ذیل درجات ہیں۔

آسمانی کتابوں پر ایمان

فرشتوں پر ایمان

آخرت پر ایمان

سوال نمبر ۱:۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے آسمانی کتابیں نازل فرمائیں:

(الف) ۲ (ب) ۳ (ج) ۴

۲۔ آخری آسمانی کتاب ہے:

(الف) زبور (ب) انجیل (ج) قرآن مجید

دن:____________ تاریخ:____________

۳۔ قیامت تک ہدایت کا سرچشمہ ہے:

(الف) انجیل (ب) قرآن مجید (ج) زبور

## سوال نمبر ۲: ۔خالی جگہ پر کریں۔

۱۔ اللہ تعالیٰ نے انسانوں کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے لیے آسمانی کتابیں نازل فرمائیں۔

۲۔ قرآن مجید۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا سرچشمہ ہے۔


۳۔ جن انبیائے کرامؑ پر کتابیں نازل ہوئیں انھیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ بھی کہتے ہیں۔

## سوال نمبر ۳: ۔دیے گئے رسولوں کے ناموں کو ان پر نازل ہونے والی کتاب سے ملائیں۔

| | |
|---|---|
| حضرت محمد ﷺ | تورات |
| حضرت داؤدؑ | زبور |
| حضرت عیسیٰؑ | قرآن مجید |
| حضرت موسیٰؑ | انجیل |

## سوال نمبر ۴: ۔رنگ بھریں۔

قرآن مجید



# فرشتوں پر ایمان

کیا آپ جانتے ہیں؟

حضرت جبریلؑ تمام فرشتوں کے سردار ہیں۔

## سوال نمبرا:۔چار مشہور فرشتوں کے نام اور کام یہ ہیں۔

| | | |
|---|---|---|
| ا۔ | حضرت جبریلؑ | اللہ تعالیٰ کا پیغام انبیائے کرامؑ تک پہنچانا۔ |
| ۲۔ | حضرت عزرائیلؑ | تمام جانداروں کی روح قبض کرنا۔ |
| ۳۔ | حضرت میکائیلؑ | تمام جانداروں کے لیے رزق اور بارش کا انتظام کرنا۔ |
| ۴۔ | حضرت اسرافیلؑ | قیامت سے پہلے صُور پھونکنا۔ |

## سوال نمبر۲:۔درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔فرشتوں کو اللہ تعالیٰ نے بنایا ہے:

(الف) مٹی سے (ب) آگ سے (ج) نور سے

۲۔فرشتوں کے سردار ہیں:

(الف) حضرت جبریلؑ (ب) حضرت اسرافیلؑ (ج) حضرت میکائیلؑ

۳۔ہر وقت عبادت میں مصروف رہتے ہیں:

(الف) انسان (ب) فرشتے (ج) جنّات

## سوال نمبر ۳:۔ چار مشہور فرشتوں کے نام بتائیں۔

## سوال نمبر ۴:۔ فرشتوں کی کوئی سی چار ذمّہ داریاں بتائیں اور اُن میں رنگ بھریں۔

دن:____________ تاریخ:____________

## آخرت

**سوال نمبر ۵:۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔**

**ا۔ آخرت کے دن اللہ تعالٰی کے سامنے پیش کیے جائیں گے:**

(الف) سب اعمال (ب) اچھے کام (ج) برے کام

**۲۔ اصل کامیابی ہے:**

(الف) سکول کی (ب) آخرت کی (ج) دنیا کی

۳۔ بے شک جنت میں ہوں گے:

(الف) مالدار لوگ (ب) نیک لوگ (ج) خوبصورت لوگ

**سوال نمبر ٦:۔ اچھے کاموں میں رنگ بھریں۔**

صدقہ دینا

کمزور کو مارنا

کھانا کھلانا

نماز پڑھنا

لڑائی کرنا

## سوال نمبر۷:۔خالی جگہ پر کریں۔

۱۔سب سے اعلیٰ جنت۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ہے۔

۲۔جنت میں وہ لوگ جائیں گے جن کی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔زیادہ ہوں گی۔

۳۔جنت میں اللہ تعالیٰ نے بہت سی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔رکھی ہیں۔

## سوال نمبر۸:۔درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

**۱۔آخرت پر ایمان لانے کا کیا مطلب ہے؟**

______________________________________________

**۲۔ہمارے تمام اعمال اللہ تعالیٰ کے سامنے کس دن پیش کیے جائیں گے؟**

______________________________________________

**۳۔جنت میں جانے کے لیے کس کی بات ماننا ضروری ہے؟**

______________________________________________

## سوال نمبر۹:۔پیارے بچو، پانچ نیک کاموں کی فہرست بنائیں جن کے کرنے سے ہم جنت میں جاسکتے ہیں۔

| نمبر شمار | فہرست |
|---|---|
| ۱ | |
| ۲ | |
| ۳ | |
| ۴ | |
| ۵ | |

دن:_______________      تاریخ:_______________

## (ب)عبادات

### ا۔روزہ

**سوال نمبر ا:۔دیے گئے معمّہ میں سے درج ذیل الفاظ تلاش کر کے ان میں رنگ بھریں۔**

نیکی    فجر    سحری    رمضان    روزہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| س | ن | ی | ک | ی | ر |
| ح | ی | ف | ج | ر | و |
| ر | م | ض | ا | ن | ز |
| ی | ی | ک | ب | ط | ہ |

**سوال نمبر ۲:۔اسلامی مہینوں کے نام جانیں۔**

| | | | |
|---|---|---|---|
| محرم | صفر | ربیع الاول | ربیع الثاني |
| جمادی الاولی | جمادی الثانیۃ | رجب | شعبان |
| رمضان | شوال | ذی القعدۃ | ذی الحجہ |

کیا آپ جانتے ہیں؟

رمضان میں روزہ داروں کا روزہ افطار کروانے کا بہت اجر و ثواب ہے۔

## سوال نمبر ۳:۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔

۱۔روزہ اسلام کا ہے:

(الف) رکن (ب) طریقہ (ج)عقیدہ

۲۔ سحری کی جاتی ہے:

(الف) فجر سے پہلے (ب) ظہر سے پہلے (ج) عصر کے بعد

۳۔روزہ افطار کیا جاتا ہے:

(الف) ظہر سے پہلے (ب) مغرب کے وقت (ج)عشاء کے بعد

## سوال نمبر ۴:۔ آپ جو کام رمضان میں کرتے ہیں ان کے سامنے اپنی پسند کا رنگ بھریں۔

| | |
|---|---|
| افطاری کروانا → | سحری کرنا → |
| کھجور سے افطار کرنا → | جمعہ پڑھنا → |
| روزہ رکھنا → | تراویح پڑھنا → |

**سوال نمبر ۵:۔درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔**

**ا۔آپ رمضان میں افطاری کرنے کہاں جاتے ہیں؟**

______________________________________________


**۲۔روزے کس اسلامی مہینے میں رکھے جاتے ہیں؟**

______________________________________________

**سوال نمبر ۶:۔ارکانِ اسلام کتنے ہیں؟ بتائیں اور اُن کے نام جانیں۔**




**سوال نمبر ۷:۔روزہ رکھنے کی اور روزہ کھولنے کی نیت یاد کریں**



## روزہ کھولنے کی نیت

**اَللّٰھُمَّ اِنِّی لَکَ صُمْتُ وَبِکَ اٰمَنْتُ وَعَلَیْکَ تَوَکَّلْتُ وَعَلٰی رِزْقِکَ اَفْطَرْتُ**

اے میرے اللہ میں نے روزہ رکھا اور ایمان لایا تجھ پر اور بھروسہ کیا تجھ پر اور افطار کیا تیرے رزق پر

**⇐ پیارے بچو۔ جانئے لیلۃ القدر اور طاق راتوں کے بارے میں اور ہمیں ان راتوں میں اللہ تعالیٰ کی عبادت کرنی چاہیے تا کہ اللہ تعالیٰ ہم سے خوش ہو جائیں۔**

لیلۃ القدر رمضان المبارک کی آخری دس طاق راتوں میں سے ایک نہایت بابرکت رات ہے جسے شبِ قدر یعنی قدر اور برکت والی رات کے نام سے بھی یاد کیا جاتا ہے۔ قرآن مجید میں اس رات کا بیان سورۃ القدر میں بیان فرمایا گیا ہے۔ ترجمہ: بے شک ہم نے قرآن مجید کو قدر کی رات میں نازل کیا ہے۔ قدر کی رات ہزار مہینوں سے بہتر ہے۔ اس رات اپنے رب کے حکم سے فرشتے اور روح القدس نازل ہوتے ہیں، ہر طرح کا امر خیر اور سلامتی لاتے ہیں حتیٰ کہ یہ سلسلہ طلوع فجر تک جاری رہتا ہے۔

* احادیث میں بیان کیا گیا ہے کہ شب قدر رمضان المبارک کے آخری دس دنوں میں سے کوئی رات ہے۔
* کسی معین رات کا تعین واضح طور پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے نہیں کیا گیا تا کہ لوگ شبِ قدر کی فضیلت سے فائدہ اٹھانے کے لیے صرف ایک رات پر ہی اکتفا نہ کریں بلکہ مختلف راتوں میں اس کی تلاش جاری رکھیں اور عبادت کرتے رہیں۔

## ۲۔عیدین و اسلامی تہوار

- عیدین کا تعارف حاصل کر سکیں۔
- یہ جان سکیں کہ عید الفطر اور عید الاضحیٰ کن اسلامی مہینوں میں آتی ہیں۔
- عیدین کے موقع پر کیے جانے والے کاموں کے بارے میں جان سکیں۔

### سوال نمبر ا:۔خالی جگہ پر کریں۔

ا۔عید الاضحیٰ پر مسلمان۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کرتے ہیں۔

۲۔عید الفطر کی نماز سے پہلے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔کھانا سنّت ہے۔

۳۔عید کے دن اونچی آواز میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔پڑھنی چاہییں۔

اسلامی معلومات:۔

عید کی سنتیں

- اونچی آواز میں تکبیرات پڑھنا
- اچھا لباس پہننا
- عید کا خطبہ خاموشی سے سننا
- خوشبو لگانا
- عید کی نماز پڑھنا

### سوال نمبر ۲:۔درست جواب کا انتخاب کریں۔

ا۔عید الفطر منائی جاتی ہے:

(الف) یکم رجب المرجّب (ب) یکم شعبان المعظّم (ج) یکم شوّال المکرّم

۲۔عید الفطر پر ادا کیا جاتا ہے:

(الف) عُشر (ب) فطرانہ (ج) زکوٰۃ

۳۔قربانی کرنا سنّت ہے:

(الف) حضرت آدمؑ کی (ب) حضرت نوحؑ کی (ج) حضرت ابراہیمؑ کی

## سوال نمبر ۳:۔ مسلمان کس کس جانور کی قربانی کرتے ہیں؟ نام لکھیں

| | | |
|---|---|---|
| ------------------------------------------ | ------------------------------------------ | ------------------------------------------ |

آئیں جانیں

## نمازِ عید کے وقت پڑھی جانے والی تکبیر

۲۱۔عیدالفطر (یعنی میٹھی عید) کی نماز کے لئے جاتے ہوئے راستے میں آہستہ سے تکبیر کہیں اور نمازِ عید الضحیٰ کے لئے جاتے ہوئے راستے میں بلند آواز سے تکبیر کہیں۔ تکبیر یہ ہے:-

اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَ اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط اَللّٰهُ اَکْبَرُ ط وَلِلّٰهِ الْحَمْدُ ط

**ترجمہ:**

اللہ (عزوجل) بہت بڑا ہے، اللہ (عزوجل) بہت بڑا ہے۔ اللہ (عزوجل) کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں اور اللہ (عزوجل) بہت بڑا ہے۔ اللہ (عزوجل) بہت بڑا ہے اور اللہ (عزوجل) ہی کیلئے تمام تعریفیں ہیں۔

عید کی تکبیرات اونچی آواز میں پڑھنی چاہییں۔

فطرانہ کا تعارف

## فطرانہ

فطرانہ یا زکاۃ الفطر سے مراد وہ صدقہ ہے جسے نمازِ عیدالفطر سے پہلے ادا کرنا ہر مسلمان پر فرض ہے، خواہ وہ مرد ہو یا عورت، آزاد ہو یا غلام، چھوٹا ہو یا بڑا، بچہ ہو یا بوڑھا۔ ہر مسلمان اپنے اور ان اہل خانہ کی طرف سے فطرانہ ادا کرنے کا پابند ہے جن کی وہ قانونی طور پر کفالت کرتا ہے۔

⇐ آیئے، پاکستان میں منائے جانے والے دیگر اسلامی تہواروں کے بارے میں جانیں۔

| تاریخ | اسلامی تہوار | معلومات | تصاویر |
|---|---|---|---|
| نیا اسلامی سال<br>کیلنڈر کا پہلا دن | محرم الحرام | یہ دن شہدائے کربلا کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ |  |
| 12 ربیع الاول | عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم | حضرت محمد ﷺ کا یوم ولادت |  |
| 27 رجب | معراج النبی | حضرت محمد ﷺ کا رات کا سفر |  |
| چاند کی 29 یا 30 | رمضان المبارک | اس مبارک مہینے میں مسلمان روزے رکھتے ہیں۔ |  |
| 27 رمضان | لیلۃ القدر | وہ رات جب قرآن مجید کی پہلی آیات حضرت محمد ﷺ کو موصول ہوئیں۔ |  |
| یکم شوال | عید الفطر | رمضان کے اختتام پر منائی جاتی ہے۔ |  |
| 10 ذی الحجہ | عید الاضحیٰ | حضرت ابراہیمؑ کی سنت پوری کرنے کے لیے قربانی کرنا۔ |  |

# باب: سوم۔ سیرتِ طیّبہ ﷺ

ہدایات: طلبہ اس باب میں حضرت محمد ﷺ کی محبت و اطاعت جانیں گے۔

## ا۔ حضرت محمد ﷺ کی محبت و اطاعت

⇐ یہ سمجھ سکیں کہ حضرت محمد ﷺ سے محبت رکھنا ایمان کا لازمی جزو ہے۔

⇐ یہ جان سکیں کہ حضرت محمد ﷺ کی اطاعت ہر مسلمان پر فرض ہے۔

### سوال نمبر ۱: خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ نبی کریم ﷺ سے ---------- ایمان کا حصّہ ہے۔

۲۔ جو اللہ تعالیٰ سے محبت کرتا ہے اسے ---------- کی اطاعت کرنی چاہیے۔

۳۔ صحابہ کرامؓ ہر معاملے میں نبی کریم ﷺ کی ---------- کرتے تھے۔

### سوال نمبر ۲: نبی کریم ﷺ کی سنّتوں میں مختلف رنگ بھریں۔

السلام علیکم کہنا

کمزوروں کی مدد کرنا

بڑوں کا احترام کرنا

صاف ستھرے رہنا

دائیں ہاتھ سے کھانا

جانوروں سے پیار کرنا

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:۔

اے پیغمبر لوگوں سے کہہ دو کہ اگر تم اللہ کو دوست رکھتے ہو تو میری پیروی کرو اللہ بھی تمہیں دوست رکھے گا۔

(سورۃ آلِ عمران، آیت:۳۱)

**سوال نمبر۳:۔ درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

**ا۔ نبی کریم ﷺ سے محبت کا کیا تقاضا ہے؟**

______________________________________________


**۲۔ اگر ہم اللہ تعالیٰ کو خوش کرنا چاہتے ہیں تو ہمیں کس کی اطاعت کرنی چاہیے؟**

______________________________________________

**۳۔ صحابہ اکرامؓ حضرت محمد ﷺ سے کتنی محبت کرتے تھے؟**

______________________________________________

**سوال نمبر۴:۔ رنگ بھریں۔**



## ۲۔حضرت محمد ﷺ کے اخلاقِ حسنہ

⟸ حضرت محمد ﷺ کے عفوودرگزر، رحم دلی، ایفائے عہد کے بارے میں جان سکیں۔

⟸ حضرت محمد ﷺ کے اخلاقِ حسنہ کو اپنا سکیں۔

### سوال نمبر ۱:۔درست جواب کا انتخاب کریں۔

**۱۔اخلاقِ حسنہ کا مطلب ہے۔**

(الف) اچھی عادات (ب) رہنا سہنا (ج) گفتگو کرنا

**۲۔آپ ﷺ تھے:**

(الف) بہت رحم دل (ب) لوگوں کی غلطیوں کو معاف کر دیتے (ج) الف، ب دونوں

۳۔آپ ﷺ مہربان تھے:

(الف) انسانوں پر (ب) ہر جان دار پر (ج) الف، ب دونوں

### سوال نمبر ۲:۔خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔جو وعدہ پورا نہیں کرتا اس کا کوئی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔نہیں۔

۲۔نبی کریم ﷺ ہر۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔چیز پر مہربان تھے۔

۳۔آپ ﷺ کی پوری زندگی اچھے اخلاق کا بہترین۔۔۔۔۔۔۔تھی۔

### سوال نمبر ۳:۔درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

**۱۔ہمارے لیے کن کی زندگی بہترین نمونہ ہے؟**

___________________________________________

دن:_______________ تاریخ:_______________

۲۔ آپ ﷺ انسانوں اور جان داروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے تھے؟

---

۳۔ وعدہ پورا کرنا کیوں اہم ہے؟

---

سوال نمبر ۴:۔ دیے گئے معمّہ میں سے درج ذیل الفاظ تلاش کر کے ان میں رنگ بھریں۔

مہربان | نبی | رحمت | اخلاق | عہد

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ت | م | ح | ر | س | ف |
| ط | ق | ا | ل | خ | ا |
| ا | ی | ب | ن | ل | ش |
| ر | ی | ت | د | ہ | ع |
| ن | ا | ب | ر | ہ | م |

سوال نمبر ۵:۔ نبی کریم ﷺ کی جو صفات سبق میں بیان ہوئی ہیں ان میں سے دو صفات تحریر کریں۔

# باب: چہارم۔ اَخلاق و آداب

ہدایات: طلبہ اس باب میں اخلاق و آداب کے متعلق جانیں گے اور ان پر عمل پیرا ہو کر اپنی زندگیاں اسلام کے اصولوں کے مطابق گزار سکیں گے۔

## ا۔ اسلامی آدابِ زندگی

⇐ قرآن و سنت کی روشنی میں روزمرّہ زندگی کے آداب جان سکیں گے۔

⇐ کھانے پینے اور گفتگو کے آداب جان سکیں گے۔

⇐ اپنی عملی زندگی میں ان آداب پر عمل کر سکیں گے۔

**سوال نمبر ا: کھانا کھانے سے پہلے اور بعد کی دعا ترجمہ کے ساتھ یاد کریں۔**

| کھانے سے پہلے کی دعا | کھانے کے بعد کی دعا |
|---|---|
| بِسْمِ اللّٰهِ وَعَلٰى بَرَكَةِ اللّٰه | اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مُسْلِمِیْنَ ۔ |
| ترجمہ | ترجمہ |
| میں نے اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ کی برکت پر کھانا شروع کیا۔ | شکر ہے اللہ کا جس نے ہم کو کھلایا اور پلایا اور ہمیں مسلمان بنایا۔ |

**سوال نمبر ۲: کھانا کھانے کے آداب لکھیں۔**

| | |
|---|---|
| ا | |
| ۲ | |
| ۳ | |
| ۴ | |
| ۵ | |

کیا آپ جانتے ہیں؟

کھانا شروع کرنے سے پہلے بسم اللہ پڑھنا بھول جائیں تو کھانے کے درمیان پڑھیں:

بِسمِ اللہِ اَوّلَہٗ وَاٰخِرَہٗ

**سوال نمبر ۳:۔ درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔**

**ا۔ ہمیں زندگی گزارنے کے آداب کس نے سکھائے ہیں؟**

______________________________________________

**۲۔ کھانا ختم کرنے کے بعد کیا کہنا چاہیے؟**

______________________________________________

**۳۔ گفتگو کے کوئی سے دو آداب بتائیں؟**

______________________________________________

**سوال نمبر ۴:۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔**

**ا۔ کھانا شروع کرنے سے پہلے پڑھنی چاہیے:**

(الف) اَلحَمدُللہ (ب) بِسم اللہ (ج) یَرحمکَ اللہ


**۲۔ گفت گو کے دوران آواز رکھنی چاہیے:**

(الف) زیادہ اونچی (ب) زیادہ نیچی (ج) درمیانی آواز

**۳۔ کھانا کھانا چاہیے:**

(الف) دائیں ہاتھ سے (ب) بائیں ہاتھ سے (ج) دونوں ہاتھوں سے

**سوال نمبر۵:۔ ہاتھ دھونا بہت ضروری ہے، اس بات کی اہمیت کو جانتے ہوئے ترتیب وار اس سرگرمی میں مختلف رنگ بھریں۔**



## ۲۔ بڑوں کا ادب

⇐ قرآن و سنت کی روشنی میں بڑوں کے ادب و احترام کے بارے میں جان سکیں گے۔

⇐ بڑوں کے احترام کی عادت کو اپنا سکیں گے۔

**سوال نمبر۱:۔ آپ نے گھر میں اپنے بڑوں سے کون کون سی باتیں سیکھی ہیں؟**

۱

۲

۳

۴

**سوال نمبر ۲:۔ اپنے اردگرد موجود لوگوں کی فہرست بنائیں، کون سے لوگ آپ سے بڑے ہیں جن کا آپ کو احترام کرنا چاہیے؟**

| | مسجد اور محلے میں | گھر اور خاندان میں | سکول میں |
|---|---|---|---|
| ا۔ | | | |
| ۲۔ | | | |

**سوال نمبر ۳:۔ درست جواب کا انتخاب کریں۔**

**ا۔ ہم اپنے بڑوں سے سیکھ سکتے ہیں:**

(الف) اچھی باتیں (ب) اچھی عادات (ج) الف، ب دونوں

**۲۔ بڑوں سے ملیں تو سب سے پہلے کریں:**

(الف) سلام (ب) بات (ج) نصیحت

**۳۔ بزرگوں کی مدد کریں:**

(الف) باتوں میں (ب) کھانے میں (ج) کاموں میں

## سوال نمبر ۴:۔خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ہمارے بڑے ہمیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ سکھاتے ہیں۔

۲۔بڑوں سے ملیں تو سلام میں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کریں۔

۳۔ہمارے بڑے ہماری۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کرتے ہیں۔

## سوال نمبر ۵:۔درج ذیل سوالات کے جواب دیں۔

**۱۔ہمارے بڑے ہمیں کیا سکھاتے ہیں؟**

______________________________________________

**۲۔نبی کریم ﷺ نے بڑوں کے احترام کے بارے میں کیا فرمایا ہے؟**

______________________________________________

**۳۔ہم بڑوں کا ادب کرتے ہیں تو وہ خوش ہو کر کیا کرتے ہیں؟**

______________________________________________

تاریخ:______________ دن:______________

سوال نمبر۶:۔ روز مرّہ زندگی میں آپ بڑوں کا ادب کیسے کرتے ہیں؟



۱

۲

۳

سوال نمبر۷:۔ پیارے بچو، موجودہ تناظر میں اجنبی لوگوں سے رابطہ رکھنے میں احتیاط رکھنی چاہیے۔ آئیں آپ کو بتائیں کہ کیسے؟

کوئی اجنبی شخص آپ کو بلائے تو اس کے پاس مت جائیں۔

کسی اجنبی شخص سے کوئی چیز لے کر مت کھائیں۔

اگر کوئی اجنبی شخص آپ کو تنگ کرے تو فوراً اپنے والدین یا بڑوں کو بتائیں۔

## ۳۔جانوروں سے اچھاسلوک

⇐ یہ بات جان لیں کہ جانور اللہ تعالیٰ کی مخلوق ہیں اور ان سب کے ساتھ اچھابرتاو کرناچاہیے۔

⇐ جانوروں کے حقوق سے آگاہ ہو سکیں گے۔

⇐ جانوروں کے ساتھ اچھے سلوک اور ہمدردی کا مظاہرہ کر سکیں گے۔

**سوال نمبر ا:۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔**

**ا۔جانوروں کے ساتھ کیسا سلوک کرناچاہیے؟**

______________________________________________

**۲۔گھر میں موجود جانوروں کا خیال کیسے رکھناچاہیے؟**

______________________________________________

**۳۔نبی کریم ﷺ نے اونٹ کے مالک سے کیا فرمایا؟**

______________________________________________

**مزید جانیے:۔**


حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ نبی اکرم ﷺ نے منع کیا ہے کہ جانوروں کو باندھ کر ان پر نشانے بازی کی جائے۔

## سوال نمبر ۲:۔ کون کون سے جانور آپ گھر میں پال سکتے ہیں؟ نام لکھیں۔

-----------------------
-----------------------
-----------------------
-----------------------

## سوال نمبر ۳:۔ آپ اپنے پالتو جانوروں کے ساتھ کیسا سلوک کرتے ہیں؟

------------------------------------------------------------------------------------------------



## سوال نمبر ۴:۔ خالی جگہ پُر کریں۔

۱۔ آپ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّم نے جانوروں کو تکلیف دینے سے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ فرمایا ہے۔

۲۔ جانوروں کو اللہ تعالیٰ نے ہمارے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کے لیے بنایا ہے۔

۳۔ ہمیں پالتو جانوروں کے کھانے اور ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ کا خیال رکھنا چاہیے۔

۴۔ زیادہ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ آواز میں نہیں بولنا چاہیے۔

۵۔ کھانا کھانے کے بعد ہاتھ ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔ چاہییں۔

## سوال نمبر ۵:۔ جانوروں کے کوئی سے دو فوائد لکھیں۔

# باب: پنجم۔ ہدایت کے سر چشمے اور مشاہیر اسلام

ہدایات: طلبہ اس باب میں انبیائے کرامؑ کے حالات زندگی کے متعلق جانیں گے۔

⇐ سابقہ انبیائے کرامؑ میں سے حضرت آدمؑ، حضرت نوحؑ، حضرت ابراہیمؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت داوٗدؑ اور حضرت عیسیٰؑ کا مختصر تعارف حاصل کر سکیں گے۔

⇐ انبیائے کرامؑ پر نازل ہونے والی کتب اور صحائف کے بارے میں جان سکیں گے۔

## سوال نمبر ۱:۔ درج ذیل سوالات کے جوابات دیں۔


**۱۔ سارے انسان کن کی اولاد ہیں؟**

---

**۲۔ حضرت ابراہیمؑ نے کن کے ساتھ مل کر خانہ کعبہ کی تعمیر کی؟**

---

## سوال نمبر۲:۔ رنگ بھریں۔



اسلامی معلومات:۔

تمام نبیوں اور رسولوں نے انسانوں کو توحید کی دعوت دی۔ توحید کا مطلب ہے صرف ایک اللہ کی عبادت کی جائے۔

## سوال نمبر۳:۔ دیے گئے معمّہ میں سے درج ذیل الفاظ تلاش کر کے ان میں رنگ بھریں۔

شیطان   سجدہ   آدم   خلیفہ   فرشتہ

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ش | ہ | ت | ش | ر | ف |
| ی | گ | س | ب | چ | خ |


دن:______________ تاریخ:______________


| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| ل | آ | ن | ج | ی | ط |
| ی | د | و | د | س | ا |
| ف | م | ے | ہ | م | ن |
| ہ | ک | ا | ز | و | ش |


اسلامی معلومات:۔

حضرت داودؑ کی آواز بہت سریلی تھی۔ جب آپ زبور کی تلاوت کرتے تو پرندے بھی سننے کے لیے ٹھہر جاتے۔

**سوال نمبر ۴:۔ سبق میں جن انبیائے کرامؑ کے نام آئے ہیں، ان کے نام خوش خط لکھیں۔**



دن: ______________ تاریخ: ______________

